ترجمان وہابیہ

مصنفہ

نواب صدیق حسن خان صاحب بہادر
شوہر نواب شاہجہان بیگم صاحبہ بہادر
والیٔ بھوپال

طبع فی مطبع مفید عام آگرہ

سنہ ۱۳۰۰ھ

کی جہت سے اور یہہ امر بہی بخوبی ظاہر ہے اور تاریخ دانون پر خوب روشن ہے کہ کوئی
شخص آجتک نجد سے عالم فاضل کی صورت مین ہوکر ہند مین داخل نہین ہوا کہ لوگ اوسکے
شاگرد ہوئے ہون اور اوسکی دعوت تمام ہند کے شہرون مین اور قریون مین پہیل گئی
ہو یا اوس نے یہان کسی طرح کی حکومت اور سلطنت حاصل کی ہو کہ لوگ اوسکے طریقہ اور
چال پر ہوجاوین اور اوسی کا گیت گاوین نہ کوئی سلسلہ شاگردی اور پیری مریدی کا
اہل ہند اور اہل نجد مین باہمی ایسا جاری ہے جسکی روسے انکو اہل نجد کے طریقہ اور
رویّہ پر کہہ سکین نہ کوئی تعلق یہان کے لوگون کو بذریعہ اخبار یا تار یا ریل کے اون
لوگون سے حاصل ہے جیسا فی الحال انگلستان یا جرمن یا فرانس سے حاصل ہے کہ جسکے ذریعہ
سے انکو اہل نجد کا ہم طریقہ کہین غرض ہند کے لوگونکو وہابیہ نجدیہ سے نسبت دینا کمال
نادانی اور نہایت بے وقوفی اور صریح غلطی ہے اور جبکہ وہ خود اس نام سے انکار کرتے ہین
تو زبردستی اونکو نزدیک حاکمون کے بدنام کرکے اپنی دشمنی اس پردہ مین نکالنا سراسر ناانصافی ہے
بلکہ فی الحال سُنا جاتا ہے کہ عرب نجد تجارت کے لئے بندر بمبئی تک آتے جاتے ہین اور اپنا پیشہ
کرتے ہین اور حکام کو باوجود علم اونسے کچہہ تعرض نہین اسلئے کہ سرکار عالیہ برٹش کو بحث مفسدان
و باغیان سے ہے نہ زید و عمرو سے حدیث عبداللہ بن عمرو مین مرفوعاً آیا ہے کہ متفرق ہوئے بنی
اسرائیل یعنی یہود بہتر فرقون پر اور متفرق ہوگی امت میری تہتر فرقون پر سب فرقے آگ
مین ڈالے جاوینگے مگر ایک طریقہ کے لوگ صحابہ نے پوچہا وہ کون طریقہ کے لوگ ہین فرمایا
وہ طریقہ جسپر مین ہون اور میرے ساتھی رواہ الترمذی اور ایک روایت مین یون ہے
کہ بہتر فرقے تو اس امت کے دوزخ مین جاوینگے اور ایک بہشت مین داخل ہوگا اور اس
فرقہ کا نام جماعت ہے اور نزدیک ہے کہ نکلین گی میری امت مین چند قومین گہس جاوینگی
اونمین بدعتین جسطرح گہس جاتی ہے بیماری کُتا کاٹے ہوئے کو نہ بچیگی اوس سے کوئی رگ
اور نہ کوئی جوڑ مگر یہہ بیماری اوسمین گہس جاویگی رواہ احمد وابوداؤد عن معاویۃ

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو لوگ قرآن و حدیث پر عامل ہین اونکا نام اہل سنت و جماعت ہے نہ وہابی اور ہندوستان کے اکثر مسلمان مذہب سُنّی رکھتے ہین نہ مذہب حنبلی اور علماء اسلام نے جہان تعداد بہتر فرقون اس امت اسلام کی لکھی ہے اور نام بنام اونکو گنا ہے اونمین کہین کسی جگہہ کسی فرقہ کا نام وہابیہ نہین بتلایا اور یہہ بہی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو دین قدیم اسلام مین کوئی نئی راہ و طریقہ یا جدید مذہب و فساد کی بات نکالے اوسکا نام بدعتی اور ہوائی ہے اور وہ دوزخیون مین ہے پہر کسطرح کوئی سچّا مسلمان کسی کے نئے طریقے نکالے ہوئے پر چل سکتا ہے اور وہ کب کسی لقب جدید کو اپنے لئے پسند کرے گا لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

فصل دوم

ترجمہ عبارت کتاب موائد العوائد من عیون الاخبار و الفوائد اسمین احادیث ضروری اور فوائد عمدہ مذکور ہین یہہ حاصل مضمون اوسکے صفحہ ۳۳ کا ہے بیکم و کاست روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو ایمان لاوے اللہ پر اور اوسکے رسول پر اور قائم رکہی نماز اور ادا کرتا ہے روزے رمضان کے تو اللہ پر فضل و احسان کی راہ سے اوسکا یہہ حق ہے کہ داخل کرے اوسے جنت مین خواہ وہ جہاد کرے اللہ کی راہ مین خواہ بیٹہا رہے اوسی ملک مین جہان پیدا ہوا آخر حدیث تک سو جب تم اللہ سے مانگو تو جنت الفردوس مانگو کہ وہ سب جنتون کے بیچوں بیچ ہے اور سب سے اونچی ہے اور اوسپر عرش ہے رحمٰن کا اور اوسی سے بہتی ہین نہرین جنت کی روایت کی یہہ بخاری نے اس حدیث سے بخوبی ثابت ہوا کہ جہاد مخالفون کے ساتہہ فرض کفایہ ہے یعنی ایک ملک کے لوگ اگر اوسکو بجا لاوین تو دوسرے ملک کے لوگون پر فرض نہین اور ہر فرد بشر پر مسلمانون سے فرض نہین کہ جو اوسکو نہ بجا لاوے اوسکے